قرآن صفحہ 4c **گمراہ کون؟** (البقرۃ: 27)

الَّذِيْنَ	يَنْقُضُوْنَ	عَهْدَ اللّٰهِ	مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠	وَيَقْطَعُوْنَ	مَآ	اَمَرَ اللّٰهُ
وہ لوگ جو	توڑتے ہیں	اللہ کے عہد کو	اس کو مضبوط کرنے کے بعد،	اور وہ کاٹتے ہیں	جو	اللہ نے حکم دیا

بِهٖٓ	اَنْ يُّوْصَلَ	وَيُفْسِدُوْنَ	فِى الْاَرْضِ ۭ	اُولٰۗىِٕكَ	هُمُ	الْخٰسِرُوْنَ 27
اس کا	کہ (اسے) ملایا جائے	اور وہ فساد کرتے ہیں	زمین میں،	وہی لوگ	وہ	نقصان اٹھانے والے (ہیں)۔

مختصر شرح

- عَهْدَ اللہ...: اللہ تعالیٰ کے عہد سے مراد اللہ کا حکم ہے کہ اسی کی عبادت اور اسی کی اطاعت کی جائے۔
- یہاں اُس عہد کی طرف بھی اشارہ ہو سکتا ہے جب اللہ نے حضرت آدم علیہ السلام کے سامنے ہم سب کی روحوں کو اکٹھا کیا اور یہ عہد لیا۔ جب بھی انسان قرآن وحدیث کی بات کو سن کر دل میں یہ محسوس کرتا ہے کہ یہ بات سچ ہے تو یہ اُس عہد کا اثر ہے۔ حق جاننے کے بعد ٹھکرانا اصل میں اللہ سے کیے گئے وعدہ کو توڑنا ہے۔ قیامت کے دن اللہ بتادے گا کہ کب کب کس انسان نے حق بات کو جاننے کے باوجود اس کا انکار کیا۔
- وَيَقْطَعُوْنَ...: اللہ کے عہد کو توڑنے کے علاوہ وہ خاندان کے تعلقات کو برقرار رکھنے کا بھی خیال نہیں رکھتے۔
- ہمیں اپنے آپسی تعلقات کو برقرار رکھنا چاہیے تاکہ ہم ہدایت حاصل کر کے کامیاب ہو سکیں اور ناکامی سے بچ سکیں۔
- وَيُفْسِدُوْنَ---: جب کوئی شخص اللہ تعالیٰ کا (جس نے اس کو پیدا کیا) یا اپنے قریب ترین رشتہ داروں کا (جو اس کی پرورش میں حصہ دار رہے ہوں، ان کا) بھی خیال نہیں رکھتا تو اس کی باتیں اور اس کے کام اسے فساد ہی کی طرف لے جائیں گے۔
- هُمُ الْخٰسِرُوْنَ: فاسقین نقصان اٹھانے والے ہیں۔ ان کو دل و دماغ کا حقیقی سکون نہیں ملے گا، رشتہ داروں اور دوسرے انسانوں کی محبت نہیں ملے گی، اور سب سے اہم یہ کہ وہ جنت کی ابدی خوشی سے محروم ہوں گے۔

اسباق، دعا اور پلان: ان آیات سے کئی اسباق، دعائیں اور پلانس بنائے جاسکتے ہیں۔ نیچے بطور مثال صرف چند کا ذکر ہے۔

فاسقین کو قرآن سے ہدایت نہیں ملے گی کیوں کہ وہ لوگ

- اللہ سے کیے ہوئے عہد کو توڑتے ہیں۔
- رشتوں اور تعلقات کو توڑتے ہیں۔
- زمین میں فساد پھیلاتے ہیں۔

دعا: اے اللہ! زندگی کے تمام شعبوں میں ہمیں تیری اطاعت کرنے کی توفیق دے، رشتہ داری کو برقرار رکھنے میں ہماری مدد فرما، ہمیں اصلاح کرنے والا بنا اور دنیا و آخرت میں ہمیں کامیابی دے!

پلان: ان شاء اللہ! میں اللہ تعالیٰ کی بہتر انداز میں اطاعت اور عبادت کرنے کی ہر ممکن کوشش کروں گا۔ میں اپنے رشتہ داروں سے محبت واحترام کے ساتھ پیش آنے اور ان کی مدد کرنے کی کوشش کروں گا۔ میں ایک متحرک سماجی کارکن یعنی ہمارے آس پاس کے عام لوگوں کی خدمت کرنے والا بننے کی کوشش کروں گا۔

اسماء وافعال: اس سبق کی آیات میں آنے والے کچھ اسماء اور افعال نیچے دیے گئے ہیں۔

اسماء

واحد	جمع	معانی
عَهْد	عُهُوْد	عہد و پیمان
مِيْثَاق	مَوَاثِيْق	مضبوطی
أَرْض	أَرَاضِي	زمین
خَاسِر	خَاسِرُوْن، خَاسِرِيْن	نقصان اٹھانے والا

افعال: ہر فعل کے تحت دیے گئے تین افعال اور تین اسماء کی TPI کے ساتھ مشق کیجیے

تکرار	مادہ اور کوڈ	فعل ماضِ	فعل مضارع	فعل امر	اسم فاعل	اسم مفعول	کام کا نام	معانی
8	ن ق ض / ذ	نَقَضَ	يَنْقُضُ	اُنْقُضْ	نَاقِض	مَنْقُوْض	نَقْض	توڑنا
15	ق ط ع / ف	قَطَعَ	يَقْطَعُ	اِقْطَعْ	قَاطِع	مَقْطُوْع	قَطْع	کاٹنا
244	أ م ر / ذ	أَمَرَ	يَأْمُرُ	مُرْ	اٰمِر	مَأْمُوْر	أَمْر	حکم دینا
51	خ س ر / س	خَسِرَ	يَخْسَرُ	اِخْسَرْ	خَاسِر	–	خُسْر	نقصان اٹھانا
10	و ص ل / وء	وَصَلَ	يَصِلُ	صِلْ	وَاصِل	مَوْصُوْل	وُصُوْل	جوڑنا